Civics - FA Part 1 Civics Urdu Medium Chapter 5 Short Questions Preparation

Q1. آمریت کی تعریف کریں.

Ans 1: "آمریت کی تعریف یوں کی جاتی ہے"یہ ایک شخص یا گروہ کا مطلق اقتدار ہے جس کے لیے رعایا یا محکوم کی تائید کی کوئی ضرورت نہیں ہوتی".

Q2. خلافت سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: خلافت سے مراد اسلامی ریاست کا سربراہ.اسلامی ریاست میں حکمران طبقے کی حیثیت خدا کے نائب کی سی ہے جو ان حدودوقیود کا پابند ہے جو اللہ نے ہر انسان کے لیے مقرر کی ہیں.

Q3. آمریت فرد واحد کی کی حکومت کہلاتی ہے.مختصراَ بیان کریں.

Ans 1: عام طورپر آمریت میں اقتدار فرد واحد کے پاس ہوتا ہے.حکومت میں انتہائی قسم کی مرکزیت ہوتی ہے،آمر کی شخصیت کو اجاگر کرنے کی ہرممکن کوشش کی جاتی ہے.

Q4. جمہوریت سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: جمہوریت سے مراد عام لوگوں کی حکومت ہے.جمہوریت ایسا طرز حکومت ہے جس میں عوام خود یا اپنے منتخب نمائندوں کے ذریعے حکومت کرتے ہیں.

Q5. جمہوریت اخلاقی بہوود پر یقین رکھتی ہے.مختصراَ بیان کریں.

Ans 1: جمہوریت عوام کے اخلاق کو بلند کرتی ہے،انہیں انسانی دوستی شرافت،باہمی ایثار و محبت کے اصول سکھاتی ہے،اس لئے اس نظام کو اخلاقی افادیت کی بناء پر بھی پسند کیا جاتا ہے.بلاشبہ بہتر حکومت وہ ہے جو فرد کی شخصیت کو فوغ دینے میں مددگار ثابت ہو.

Q6. اسلامی نقطہ نظر سے اچھی اقتصادی حکمرانی سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: اسلامی ریاست میں رزق حلال اور تجارت کے اشتراک سے ایسا نظام معرض وجود آیا جس میں معاشرے کے تمام طبقے مستفید ہوتے تھے اور کوئی طبقہ مفلوک الحال اور مالی پریشانیوں کا شکار نہ تھا،

Q7. حکومت کا مفہوم بیان کریں.

Ans 1: حکومت سیاسی کنٹرول کا ایسا نظام ہے جس کے تحت قانون بنانے اور نافذ کرنے کا حق آزادسیاسی؛معاشرے میں مخصوص افراد کو ہوتا ہے.

Q8. جمہوریت کی دو یونانی الفاظ سے اخذ کیاگیا ہے.ان کےمعنی کیا ہیں؟

Ans 1: جمہوریت کے لیے انگریزی کا لفظ (DEMOCRACY) استعمال کیا جاتا ہے.یہ لفظ دو یونانی الفاظDEMOC اور kratos سے اخذ کیا گیا ہے.جن کی بالترتیب معنی لوگ اور حکومت کے ہیں.

Q9. بادشاہت سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: ??? ??? ??? ???? ?????? ?? ??? ???? ?? ???? ??? ????? ??? ?? ?? ?? ??????? ??? ???? ??.

Q10. گیٹل نے جمہوریت کی کیا تعریف کی ہے؟

Ans 1: گیٹل نے جمہوریت کی تعریف یوں کی ہے کہ یہ ایک ایسی طرز حکومت ہے جس میں آبادی کا کثیر اقتدار اعلیٰ کے اختیارات کے استعمال میں حصہ دار بننے کا حق کھتا ہو."